Australian Government
Department of Social Services

# افراد کے لیے ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی (معذوروں کی حمایت کا کام)

## ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی سے کیا مراد ہے؟

آسٹریلین حکومت اور سٹیٹس اور ٹیریٹری کی حکومتیں معذوروں کی انفرادی ایڈووکیسی سپورٹ کے لیے مالی وسائل دیتی ہیں تاکہ معذور لوگوں کے انسانی حقوق کا فروغ، تحفظ اور دفاع ہوسکے۔

## ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کن لوگوں کے لیے ہے؟

ایڈووکیسی کی مدد ان معذور لوگوں کے لیے ہے جنہیں پیچیدہ چیلنجز پیش ہیں۔

اگر آپ کے خیال میں آپ ایک مشکل صورتحال کے متعلق خود قدم اٹھانے، آواز اٹھانے یا لکھنے کے قابل نہیں ہیں یا اگر آپ کو مدد کرنے والے لوگ میسّر نہیں ہیں تو ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی ایک حل ہو سکتی ہے۔

معذور افراد کی نمائندگی کرنے والے رشتہ داروں اور کیئررز کو بھی معذوری کی ایڈووکیسی سپورٹ حاصل کرنے کا موقع حاصل ہو سکتا ہے، بشرطیکہ مفادات کا کوئی تصادم موجود نہ ہو۔

## ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی سے کیا مراد ہے؟

ڈس ایبیلٹی ایڈووکیٹ آپ کو کئی طریقوں سے مدد دے سکتا ہے جس میں یہ شامل ہے:

- آپ کو آپ کے حقوق سمجھنے اور ان سے فائدہ اٹھانے کے لیے مدد دینا
- زندگی کے تمام پہلوؤں میں آپ کی صلاحیتوں اور اعتماد میں اضافے کے لیے خدمات اور سہارا حاصل کرنے کے لیے مدد دینا
- آپ کی طرف سے قدم اٹھاتے ہوئے مسائل حل کرنا، اس سے پہلے کہ شدید مشکلات کھڑی ہو جائیں یا آپ کو مزید نقصان پہنچے۔

ایک ایڈووکیٹ آپ کا طرفدار ہوتا ہے۔ وہ آپ کا چیمپیئن ہوتا ہے۔ اس کی موجودگی کا مقصد تب آپ کی مدد کرنا اور آپ کے لیے بات کرنا ہے جب آپ خود بات کرنے کا اعتماد محسوس نہ کرتے ہوں۔ وہ آپ کو ایسی مدد اور معلومات بھی دے سکتا ہے جس سے آپ خود اپنے لیے ایڈووکیسی کرنے میں زیادہ اعتماد محسوس کریں۔

## کیا ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی رازدارانہ ہوتی ہے؟

ایڈووکیٹ آپ کی بات سنتا ہے اور آپ کے مسائل اور معلومات کو خفیہ اور راز میں رکھتا ہے۔ وہ صرف آپ کی اجازت سے یہ معلومات کسی کو دے گا۔ تاہم اگر کوئی آپ کو نقصان پہنچا رہا ہو تو ایڈووکیٹ کے لیے اس کی رپورٹ کرنا ضروری ہو سکتا ہے۔

ڈس ایبیلٹی ایڈووکیٹس کا تعلق ایڈووکیسی کی خدمات فراہم کرنے والی کمیونٹی تنظیموں سے ہوتا ہے۔ انہیں مالی وسائل حکومت سے ملتے ہیں لیکن وہ حکومت سے الگ اور خودمختار ہوتے ہیں۔

آپ کا ایڈووکیٹ آپ کے لیے اور آپ کے مفاد میں کام کرے گا۔ آپ کا ایڈووکیٹ آپ کی طرف سے کچھ کرنے سے پہلے ہمیشہ آپ سے بات کرے گا۔

## اگر میں کسی ڈس ایبیلٹی ایڈووکیٹ سے رابطہ کروں تو کیا ہوتا ہے؟

آپ سے کئی سوالات پوچھے جائیں گے تاکہ تنظیم سمجھ سکے کہ آپ کو کونسے مسائل کا سامنا ہے اور آیا وہ آپ کی مدد کر سکتی ہے۔ اگر تنظیم مدد نہ کر سکتی ہو تو ممکن ہے وہ آپ کو کسی مختلف تنظیم کی تفصیلات دے جو مدد کرسکتی ہے یا آپ کو خود اپنی ایڈووکیسی کرنے کے لیے معلومات اور وسائل مہیا کیے جائیں گے۔

اگر تنظیم مدد کر سکتی ہو تو وہ آپ کے لیے ایڈووکیٹ مقرر کر دے گی جو مسئلہ حل کرنے میں آپ کی مدد کرے گا۔ بالعموم آپ کو کچھ فارموں، جیسے رضامندی فارم، پر دستخط کرنے ہوں گے۔

زیادہ تر ایڈووکیسی آرگنائزیشنز آپ کے لیے ایڈووکیسی پلان بھی بنائیں گی۔ ایڈووکیسی پلان واضح کرے گا کہ آپ کو کن مسائل کا سامنا ہے، آپ اور آپ کا ایڈووکیٹ کونسے قدم اٹھائے گا اور آپ کونسی تبدیلیوں کی خاطر کام کر رہے ہیں۔

## میرا ڈس ایبیلٹی ایڈووکیٹ مجھے کس قسم کے مسائل کے لیے مدد دے سکتا ہے؟

**سرکاری وظائف، ادائیگیاں، پنشنیں اور امدادی سروسز حاصل کرنے کے لیے درج ذیل طریقوں سے مدد دینا:**

- فارم بھرنے اور/یا ثبوت جمع کروانے میں مدد
- آپ کے سپّورٹ پرسن کی حیثیت سے آپ کے ساتھ میٹنگوں میں شامل ہونا
- ایسی امدادی خدمات تلاش کرنے کے لیے مدد دینا جو آپ کی ضروریات پوری کرتی ہوں۔

**تعلیم، رہائش اور روزگار حاصل کرنا:**

- آپ کو کام، سکول یا یونیورسٹی میں معقول اور ضروری تبدیلیاں کروانے کے لیے مدد دے کر
- رہائش، منتقلی یا گھر میں تبدیلیوں کے لیے درخواستوں اور میٹنگوں کے سلسلے میں مدد دے کر
- آپ کی ضروریات کی بنیاد پر مضبوط کیس بنانے کے لیے کاغذات اور ثبوتوں کی تیاری میں مدد دے کر۔

**آپ کو آپ کے انسانی حقوق سمجھنے اور استعمال کرنے کے لیے مدد دینا:**

- آزادی، احترام، برابری اور وقار اور معذور افراد کے حقوق پر اقوام متحدہ کے کنونشن (UNCRPD) کے متعلق بتا کر
- آپ کو یہ سمجھنے میں مدد دے کر کہ ان اصولوں اور حقوق کا تعلق آپ سے کیسے ہے
- آپ کو خود اپنے لیے آواز اٹھانے میں مدد دے کر
- آپ کو شکایت کرنے کے لیے مدد دے کر۔

**امتیازی سلوک، بدسلوکی، غفلت اور استحصال کو ختم کرنا:**

- آپ کو جرائم/بدسلوکی کا نشانہ بننے والوں کے لیے امدادی خدمات، اور گھریلو تشدّد سے نبٹنے کی خدمات، سے بات کرنے یا انہیں درخواست دینے کے لیے مدد دے کر
- پولیس کے ساتھ کام کر کے
- آپ کو انسانی حقوق کے کمیشن کو درخواست دینے کے لیے مدد دے کر۔

**قانونی مسئلہ حل کرنے کے لیے مدد دلانا:**

- آپ کو کسی لیگل سروس کے پاس بھیج کر یا آپ کی طرف سے قانونی مدد کی درخواست دے کر
- آپ کو ثبوت اکٹھے کرنے کے لیے مدد دے کر اور آپ کے وکیل کے ساتھ کمیونیکیشن رکھ کر
- عدالت، میڈیئیشن (مذاکرات) اور ٹرائبیونل کی سماعت میں آپ کے ساتھ بحیثیت مددگار جا کر۔

**ذہنی صحت کے لیے مدد دلانا:**

- آپ کو ذہنی صحت کی خدمات کے پاس بھیج کر
- ذہنی صحت کے معالج کو اپنی ضروریات بتانے کے لیے آپ کی مدد کر کے
- آپ کو ملنے والی دیکھ بھال، دوائیاں یا تھراپیاں سمجھنے کے لیے آپ کو مدد دے کر اور اگر آپ کو یہ مناسب نہ لگتی ہوں تو ان پر نظر ثانی کروا کے
- مینٹل ہیلتھ ریویو ٹرائبیونل میں آپ کے مددگار کی حیثیت سے پیش ہو کر۔

**ترجمے کی خدمات دلانا جیسے:**

- ٹرانسلیٹنگ اینڈ انٹرپریٹنگ سروس (TIS National)
- Auslan ترجمے کی خدمات
- نیشنل ریلے سروس۔

## ڈس ایبیلٹی ایڈووکیٹ کس قسم کا انسان ہوتا ہے؟

ڈس ایبیلٹی ایڈووکیٹ معذوری کو سمجھتا ہے۔ کچھ ایڈووکیٹس کو خود معذوری کا تجربہ ہوتا ہے۔ کچھ ایڈووکیٹس صحت کے کارکن، سوشل ورکر یا ڈس ایبیلٹی ورکر، تھراپی اسسٹنٹ یا کیئرر کی حیثیت سے تجربات رکھتے ہیں۔

تمام ایڈووکیٹس معذور افراد کو ایسی مدد دینا چاہتے ہیں جس سے معذور افراد کی روزمرّہ ضروریات پوری ہوں اور وہ احترام، وقار اور آزادی کے ساتھ زندگی گزارنے کا اختیار محسوس کریں۔

## میں ڈس ایبیلٹی ایڈووکیٹ کیسے تلاش کروں؟

اپنے علاقے میں ایڈووکیٹ تلاش کرنے کے لیے:

- یہاں آن لائن Ask Izzy دیکھیں: https://askizzy.org.au/disability-advocacy-finder
- سرچ کے خانے میں 'Disability advocacy' ٹائپ کریں
- آپ سے اپنا سبرب یا پوسٹ کوڈ لکھنے کو کہا جائے گا۔
- پھر Finder آپ کے علاقے میں ایڈووکیسی سروسز کی رابطہ تفصیلات کی فہرست فراہم کر دے گا۔

جب آپ کسی ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی سروس سے رابطہ کریں تو آپ اپنی صورتحال کے متعلق معلومات دے سکتے ہیں اور مدد مانگ سکتے ہیں۔ پھر ممکن ہے کہ یہ سروس آپ کو ایڈووکیٹ دلائے، آپ کو انتظار کی فہرست میں ڈال دے یا آپ کو مدد کے لیے کسی اور سروس کے پاس بھیج دے۔

> آپ پیر تا جمعہ AEST/AEDT کے مطابق صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک 787 643 1800 پر Disability Gateway سے رابطہ کر کے یا www.disabilitygateway.gov.au پر 'ایڈووکیٹس' سرچ کر کے بھی اپنے قریب کوئی ایڈووکیٹ تلاش کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو انگلش کے علاوہ کسی اور زبان میں معلومات کی ضرورت ہے تو 450 131 پر ٹرانسلیٹنگ اینڈ انٹرپریٹنگ سروس کو فون کریں اور Disability Gateway سے بات کروانے کو کہیں۔

اگر آپ بہرے ہیں یا آپ کو مشکل سے سنائی دیتا ہے اور/یا آپ کو فون استعمال کرنے والوں سے بات کرنا مشکل لگتا ہے تو 677 555 1800 پر نیشنل ریلے سروس کو کال کریں اور Disability Gateway سے بات کروانے کو کہیں۔

## مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

Disability Gateway ایک مفت، پورے آسٹریلیا میں موجود سروس ہے جو تمام معذور آسٹریلین باشندوں، ان کے گھرانوں اور کیئررز کو معتبر معلومات تلاش کرنے اور ان کے مقامی علاقے میں خدمات سے منسلک کرنے کے لیے مدد دیتی ہے۔ آپ www.disabilitygateway.gov.au پر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

**www.dss.gov.au**

DSS2945.05.23